# بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان دوسرا سالانہ سربراہی اجلاس

20 نومبر 2024

وزیراعظم جناب نریندر مودی اور آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز نے 19 نومبر کو ریو ڈی جنیرو میں جی 20 سربراہ اجلاس کے موقع پر دوسری ہند-آسٹریلیا سالانہ چوٹی کانفرنس کا انعقاد کیا۔ پہلا سالانہ سربراہ اجلاس 10 مارچ 2023 کو نئی دہلی میں وزیر اعظم البانیز کے ہندوستان کے سرکاری دورے کے دوران منعقد ہوا تھا۔

2. وزرائے اعظم نے ہندوستان آسٹریلیا جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانے کے لئے اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے دفاع اور سلامتی، تجارت اور سرمایہ کاری، تعلیم، ہنر مندی اور نقل و حرکت، قابل تجدید توانائی، خلائی، کھیلوں اور عوامی سطح پر تعلقات کے شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر ایک مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ وزرائے اعظم نے قابل تجدید توانائی شراکت داری کے آغاز کا بھی خیرمقدم کیا۔

3. فریقین نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بین الاقوامی قانون کے احترام پر مبنی ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال خطہ ہند و بحرالکاہل کے لئے اپنے عزم کا بھی اعادہ کیا۔

**جارج ٹاؤن**

**نومبر 20, 2024**